حُجُبِ غُيُوْبِ وَحْدَتِكَ وَالْعُرَفَاۗءُ يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ؕ

وحدت کے حجاباتِ غیوب سے اور عرفاء جانتے ہیں کہ "بے شک اللہ ہی واضح حق ہے"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُؤَمِّلٍ صَلٰوةً تُؤَمِّلُ بِهَا اٰمَالَنَا فِيْ دَرْكِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما اُمید دلانے والے نبی پر کہ امید والا بنائے بطفیل اس کے ہماری آرزوؤں کو حقائقِ اشیاء

حَقَآئِقِ الْاَشْيَاۗءِ كَمَا هِيَ وَهُوَ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا اَللّٰهُمَّ

کے پانے میں جیسے کہ وہ ہیں" اور وہ بہتر ہے تیرے رب کے ہاں ازروئے ثواب کے اور بہتر ہے ازروئے آرزومندی کے۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى وُصُوْلٍ صَلٰوةً تُوَصِّلُنَا بِهَا بِحُصُوْلِ قَبُوْلِ اُصُوْلِ

اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما واصل فرمانے والے نبی پر کہ واصل فرمائے ہمیں بطفیل اس صلوٰۃ کے اصول وصول تک بسبب حصول قبول

وُصُوْلٍ بِوَصْلِ اَصْلِ مَا اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے بسبب وصلِ اصل کے "جس کے وصل کا اللہ نے امر فرمایا ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى ذِيْ قُوَّةٍ صَلٰوةً تُقَوِّيْ بِهَا هِمَمَنَا عَلَى الْاِسْتِقَامَةِ فِي اللّٰهِ اِنَّ

صاحبِ قوت نبی پر کہ قوی بنائے بطفیل اس کے ہماری ہمتوں کو اللہ کی راہ میں استقامت پر" بیشک اللہ ہی

اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى ذِيْ حُرْمَةٍ

بہت روزی رساں۔ صاحبِ قوت۔ صاحبِ استحکام ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محترم نبی پر کہ محترم

صَلٰوةً تُحَرِّمُنَا بِهَا بِحُرُمَاتِ قُرْبِكَ عَنْ قُرُبَاتِ بُعْدِكَ فِيْ جِهَادِ

بنائے ہمیں بطفیل اس کے قرب کی عزتوں کے ساتھ دور کرتے ہوئے مقاماتِ بعد سے جہاد نفس میں

النَّفْسِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى ذِيْ مَكَانَةٍ

اور حرمت والی اشیاء قابل قصاص ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما صاحبِ مکانت نبی پر

صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا دَرَجَتَنَا وَتُبَلِّجُ بِهَا حُجَّتَنَا وَتُفَلِّجُ بِهَا كُرُبَتَنَا وَتُفَرِّجُ

کہ بلند فرمائے بطفیل اس کے ہمارے درجہ کو اور روشن کرے ہماری دلیل کو اور دور کرے رنج وکرب کو اور کشائش بخشے ہمیں عزت

بِهَا غُرُبَتَنَا اِلٰى يَوْمِ يُنَادِي مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سے اس دن تک جب ندا دے گا منادی قریبی مکان سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

ذِيْ عِزٍّ صَلٰوةً تُعِزُّنَا بِهَا بِعِزِّ جَلَالِكَ وَبِجَلَالِ عِزَّتِكَ وَجَمَالِ

معزز نبی پر کہ عزت بخشے ہمیں بطفیل اس کے اپنے عز جلال و جلال عزت و جمال عظمت

عَظَمَتِكَ وَعَظَمَةِ جَمَالِكَ وَكَمَالِ قُدْرَتِكَ وَقُدْرَتِ كَمَالِكَ اِنَّ

اور عظمت جمال و کمال قدرت اور قدرت کمال کے ساتھ" بے شک تمامتر عزت

الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى ذِيْ فَضْلٍ صَلٰوةً

اللہ ہی کے لیے ہے" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحبِ فضل نبی پر کہ فضیلت بخشے

تُفَضِّلُنَا بِهَا بِفَضِيْلَةِ اِلْهَامِ فَضْلِ عَظَمَتِكَ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

ہمیں بطفیل اس کے اپنی عظمت کاملہ کے الہام کی فضیلت کے ساتھ" اور اللہ تعالیٰ عظیم فضل والا

الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُطَاعٍ صَلٰوةً تُطِيْعُنَا بِهَا شَرِيْعَةَ

ہے۔" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما مطاع خلائق پر کہ اطاعت گزار بنائے ہمیں بطفیل اس کے شریعت

الْمُحَمَّدِيَّةِ وَطَرِيْقَةَ الْاَحْمَدِيَّةِ وَحَقِيْقَةَ السَّرْمَدِيَّةِ وَمَعْرِفَةَ

محمدیہ طریقت احمدیہ۔ حقیقت سرمدیہ اور معرفت الٰہیہ کا بسبب اس

الْاِلٰهِيَّةِ بِاِطَاعَةِ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اطاعت کے" اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول کی"، اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُطِيْعٍ صَلٰوةً تُطِيْعُنَا بِهَا الْقَالَ وَالْحَالَ اِلٰى ذٰلِكَ الْقَالِ وَالْحَالِ

اپنے مطیع فرمان پر کہ اطاعت گزار بنائے ہمیں قال و حال میں مطابق اس قال و حال کے" جو اطاعت کرے

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَدَمِ

رسول اللہ کی تو تحقیق اس نے اطاعت کی اللہ کی" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سچے پیشوا

صِدْقٍ صَلٰوةً تُقَدِّمُنَا بِهَا اِلٰى صِدْقِ الْمُصَدِّقِيْنَ الْمُقَرَّبِيْنَ

پر کہ آگے بڑھائے ہمیں بطفیل اس کے تصدیق کئے ہوئے مقربین محبوبین کے صدق تک جو

الْمَحْبُوبِيْنَ الْمُبَشَّرِيْنَ وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ

یہ بشارت دیئے گئے ہیں" اور بشارت دو اہل ایمان کو کہ ان کے لیے ہے سچی پیش قدمی

عِنْدَ رَبِّهِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَحْمَةٍ صَلٰوةً تَرْحَمُنَا بِهَا

رب تعالیٰ کے ہاں" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سراپا رحمت نبی پر کہ رحمت فرمائے ہم پر بطفیل اس

مِنْ اَمْوَاجِ بَحْرِ جُوْدِ اِحْسَانِكَ الْوَاسِعِ الَّذِيْ لَا سَاحِلَ لَهٗ وَلَا

کے اپنے وسیع ترین احسان وجود کے سمندر کی امواج سے جس کا نہ کنارا ہے اور نہ انتہاء ہے

غَايَةَ لَهٗ اَلَا اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

غور سے سنو بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت محسنین کے قریب ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى بُشْرٰى صَلٰوةً تُبَشِّرُنَا بِهَا بِغَايَةِ بِدَايَةٍ نِهَايَةِ اٰيَةِ لَهُمُ

و سلام نازل فرما سراپا بشارت نبی پر کہ بشارت دے ہمیں بطفیل اس صلوٰۃ کے ساتھ غایت بدایت اور نہایت آیت کے" انہیں کے

الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

لیے ہے بشارت حیات دنیا اور آخرت میں" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

غَوْثٍ صَلٰوةً تُغِيْثُنَا بِهَا يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا اَنْ

فریاد رس نبی پر کہ فریاد رسی فرمائے ہماری بطفیل اس صلوٰۃ کے اے فریاد رس فریادیوں کے ہماری فریاد کو پہنچ

لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

نہیں معبود برحق مگر تو۔ تو پاک ہے۔ بیشک میں ظلم و تعدی والوں سے تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى غَيْثٍ صَلٰوةً تَسْقِيْنَا بِهَا مِنْ شَرَابِ مُشَاهَدَاتِ مَحَبَّتِكَ

و سلام نازل فرما مجسم باران رحمت پر کہ پلائے ہمیں بطفیل اس کے اپنے مشاہدات محبت کی شراب سے ساتھ اس

بِسِقَايَةِ نِهَايَةٍ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سقایت کے" اور پلایا انہیں ان کے رب نے پاکیزہ مشروب" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

غِيَاثٍ صَلٰوةً تُغِيْثُنَا بِهَا غَيْثًا مُّغِيْثًا يَا مُغِيْثُ اَغِثْنَا بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ

فرما فریاد رس پر کہ فریاد رسی فرمائے ہماری بطفیل اس کے ساتھ سیراب کرنیوالی بارش کے اے مغیث ہماری امداد فرما ساتھ

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نِعْمَتِ اللّٰهِ صَلٰوةً

رحمت کے جس نے ہر شئی کا احاطہ کر رکھا ہے" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما اپنی مجسم نعمت پر کہ انعام فرمائے ہم پر

تُنْعِمُنَا بِهَا مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا

بطفیل اس کے ساتھ ان حضرات کے جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کے ساتھ جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کے

الضَّآلِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى هَدِيَّةِ اللّٰهِ صَلٰوةً تَهْدِيْ

ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما اپنے مجسم ہدیہ پر کہ بطفیل اس کے ہمیں ہدیہ

لَنَا بِهَا هِدَايَةَ الْعِرْفَانِ بِهَدِيَّةِ الْهِدَايَةِ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ

دے ہدایت عرفان کا بسبب اس ہدیۂ ہدایت کے۔ بے شک میں بھیجنے والی ہوں طرف ان کے

بِهَدِيَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عُرْوَةِ الْوُثْقٰى صَلٰوةً تُثَبِّتُنَا

عظیم ہدیہ" اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما عروہ وثقیٰ پر کہ ثابت قدم رکھے ہمیں بطفیل اس کے

بِهَا اَبَدَ الْاٰبَدِ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ساتھ مضبوط سہارے کے جس میں انقطاع نہیں ہے اور اللہ سننے جاننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صِرَاطِ اللّٰهِ صَلٰوةً تُسْلِكُنَا بِهَا مَسْلَكَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما اپنے صراط اور سبیل ذات پر کہ چلائے بطفیل اس کے ہمیں اپنے عباد

صِرَاطِ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

صالحین کے راہ سلوک پر" جن پر نہ خوف ہے اور نہ ہی وہ غمزدہ

يَحْزَنُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ صَلٰوةً

ہوں گے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سراپا صراط مستقیم پر کہ بطفیل اس کے ہمیں

تَسْتَقِيْمُنَا بِهَا هِدَايَةً كَامِلَةً بِدُعَاءِ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

استقامت بخشے ہدایت کاملہ پر بطفیل اس دعا کے " چلا ہمیں راہ راست پر"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ صَلٰوةً تَطْمَئِنُّ بِهَا قُلُوْبُنَا كَمَا قَالَ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ذکر اللہ پر کہ مطمئن ہوں ساتھ اس صلوٰۃ کے ہمارے قلوب جیسے کہ فرمایا

اَللّٰہُ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ

جو ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں دل ان کے اللہ کے ذکر کے ساتھ۔ آگاہ رہو اللہ کے ذکر کے ساتھ

الْقُلُوْبُ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیْفِ اللّٰہِ صَلٰوۃً تَقْطَعُ بِھَا

ہی تسلی پاتے ہیں قلوب۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیف اللہ پر کہ قطع فرماوے بطفیل اس صلواۃ کے ہمارے

ھَوَاجِسَ قُلُوْبِنَا بِالسُّیُوْفِ الصَّارِمَاتِ الْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ

دلوں کے برُے خیالات ساتھ کاٹنے والی تلواروں کے حکم دینے والے ہیں نیکی کا اور

وَالنَّاھِیْ عَنِ الْمُنْکَرَاتِ الشَّامِلِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط

منع کرنے والے ہیں برائیوں سے۔ اللہ کی مدد اور فتح قریب ہے جو سب کو شامل و محیط ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی حِزْبِ اللّٰہِ صَلٰوۃً تَغْلِبُنَا بِھَا بِجَذْبَۃِ الذِّکْرِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما اللہ کی جماعت پر ایسی صلواۃ کہ غالب آئے ہم پر ساتھ اس کے جذبۂ ذکر

وَغَلَبَۃِ الْفِکْرِ اَلَا اِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغَالِبُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور غالبۂ فکر آگاہ رہو بے شک اللہ کی جماعت ہی غالب ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلَی النَّجْمِ الثَّاقِبِ صَلٰوۃً تَثْقُبُ بِھَا طُرُقَنَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِنُجُوْمِ

روشن ستارے پر ایسی صلواۃ کہ روشن کرے بسبب اس کے ہمارے راستے راہ خدا میں ستاروں کے

الْکَوَاکِبِ وَبِثُقُوْبِ النَّجْمِ الثَّاقِبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُصْطَفٰی

ظہور اور روشن ستارے کی روشنی کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مصطفےٰ کریم پر

صَلٰوۃً تَصْطَفِیْنَا بِھَا فِی الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِیَّۃِ وَالْکَرَامَاتِ

ایسی صلواۃ کہ چن لے ہمیں بطفیل اس کے پسندیدہ مقامات اور مقبول بزرگیوں اور

الْاِرْتِضَائِیَّۃِ وَالْاِرْتِقَائِیَّۃِ وَلَقَدِ اصْطَفَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا وَاِنَّہٗ فِی

ترقیوں میں۔ البتہ تحقیق چن لیا ہے ہم نے انہیں دنیا میں اور بے شک وہ

الْاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۵ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُجْتَبٰی صَلٰوۃً

آخرت میں البتہ صالح لوگوں سے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج مجتبیٰ پر ایسی صلواۃ کہ

تَجْتَبِیْنَا بِھَا بِاجْتِبَاءِ الْعَطُوْفَۃِ الرَّءُوْفَۃِ فَاجْتَبٰہُ رَبُّہٗ فَجَعَلَہٗ مِنَ

چن لے ہمیں اس کے طفیل ساتھ اس لطف و رافت والے چناؤ کے" پس چن لیا انہیں ان کے رب نے پس کر دیا انہیں

الصّٰلِحِیْنَ ۵ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُتَّقِیْ صَلٰوۃً تَتَّقِیْنَا بِھَا

صالحین میں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما پاکیزہ ذات پر ایسی صلواۃ کہ پاکیزہ فرماوے ہمیں بطفیل اس کے

بِکْرَامِ ذِی الْکِرَامِ لَکَ وَبِجَلَالِ ذِی الْجَلَالِ لَکَ تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ

اپنے اہل کرامت کی بزرگی اور جلالت والوں کی جلالت کے ساتھ" بابرکت ہے تیرے رب کا نام

ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی اُمِّیٍّ صَلٰوۃً تُعَلِّمُنَا

جو جلال و اکرام کا مالک ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما امی نبی پر ایسی صلواۃ کہ سکھائے ہمیں

بِھَا حَقَائِقَ الْاَمَانِیِّ بِفَصَاحَۃٍ بَرَاعَۃٍ وَمِنْھُمْ اُمِّیُّوْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ

بطفیل اس کے تمناؤں کے حقائق ساتھ فصاحت اور برتری کے" اور ان میں سے بعض امی ہیں جو نہیں جانتے کتاب کو

الْکِتَابَ اِلَّا اَمَانِیَّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُخْتَارٍ صَلٰوۃً تَخْتَارُ

ماسوائے کھوکھلی آرزوؤں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما اپنے مختار پر ایسی صلواۃ کہ اختیار فرمائے

لَنَا بِھَا بِجَمِیْلِ حَمِیْدِ اخْتِیَارِکَ فِیْ جَمِیْعِ تَوَجُّھَاتِنَا وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا

ہمارے لیے بسبب اس کے اپنے خوبصورت قابل ستائش اختیار کو ہمارے جملہ توجہات میں" اور رب تیرا پیدا کرتا ہے

یَشَاءُ وَیَخْتَارُ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی اَجِیْرٍ صَلٰوۃً تُجِیْرُنَا بِھَا اَجْرًا

جو چاہتا ہے اور اختیار فرماتا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مستحق اجر پر ایسی صلواۃ کہ پہنچائے بطفیل اس

عَظِیْمًا وَّاللّٰہُ عِنْدَہٗ اَجْرٌ عَظِیْمٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَبَّارٍ صَلٰوۃً

کے ہمیں اجر عظیم" اور اللہ ہی کے پاس ہے اجر عظیم۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما جبّار پر ایسی صلواۃ

تُجْبِرُنَا بِھَا عَلَی الْحَسَنَۃِ وَتُجْبِرُ بِھَا عَنَّا السَّیِّئَاتِ وَتُخْرِجُنَا بِھَا مِنَ

کہ مجبور کرے تو بسبب اس کے ہمیں نیکی پر اور دور کرے بسبب اس کے ہم سے برائیاں۔ اور نکالے ہمیں سرکشی سے

التَّمَرُّدِ الْبَاعِثِ لِقَوْلِ وَمَا اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِجَبَّارٍ قف اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جو باعث ہے ان کی بسبب اس قول کے" اور نہیں ہیں آپ ان پر جبر کرنے والے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

اَبِی الْقَاسِمِ صَلٰوۃً تُقْسِمُ بِهَا عَلَیْنَا وَعَلٰی ذُرِّیَّتِنَا کَاْسًا مِّنَ الْفِرْدَوْسِ

ابوالقاسم پر کہ جس صلواۃ کے ذریعے تقسیم فرمائے ہم پر اور ہماری اولاد پر جنت الفردوس کے جام

وَیُسْقَوْنَ فِیْهَا کَاْسًا کَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِیْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور پلائے جاتے ہیں اس میں جام جن میں زنجبیل کی آمیزش ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

اَبِی الطَّاهِرِ صَلٰوۃً تُطَهِّرُنَا بِهَا وَذُرِّیَّتَنَا بِطُهُوْرِ ظُهُوْرِ سُرُوْرٍ اِنَّمَا یُرِیْدُ

ابوالطاہر پر کہ جس صلواۃ کے طفیل پاک فرمائے ہمیں اور ہماری اولاد کو ساتھ طہور اور ظہور اس سرور کے" جز این نیست

اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَکُمْ تَطْهِیْرًا اَللّٰهُمَّ

کہ ارادہ رکھتا ہے اللہ کہ لے جائے تم سے پلیدی اے اہل بیت اور پاک کرے جیسے کہ حق ہے طہارت کا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی اَبِی الطَّیِّبِ صَلٰوۃً تُطَیِّبُنَا بِهَا بِتَطْیِیْبِ الطَّیِّبِ

صلواۃ و سلام نازل فرما ابوالطیب پر کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں پاک کرے اس پاکیزہ ترین طہارت کے

الْمُطَیَّبِ وَالطَّیِّبَاتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَالطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ" اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی اَبِیْ اِبْرَاهِیْمَ صَلٰوۃً تُثَبِّتُنَا بِهَا مَعَ اَوْلَادِنَا عَلٰی مِلَّةِ خَلِیْلِ

و سلام نازل فرما ابو ابراہیم پر کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بمع اولاد کے ثابت قدم رکھے ملت خلیل اللہ پر

اللّٰهِ وَبِمَوَدَّةِ حَبِیْبِ اللّٰهِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ اَللّٰهُمَّ

اور حبیب اللہ کی محبت پر۔ اے میرے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو ہی بہترین وارث ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُشَفَّعٍ صَلٰوۃً تُقْبَلُ بِهَا فِیْنَا شَفَاعَتُهٗ یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ

صلواۃ و سلام نازل فرما مقبول الشفاعت پر جس صلواۃ کے طفیل قبول کی جائے ان کی شفاعت ہمارے حق میں جس دن نہ نفع

الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

دے گا شفاعت کسی کی مگر جس کو رحمٰن اذن دے اور اس کا قول پسند کرے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی شَفِیْعٍ صَلٰوۃً تَشْفَعُ لَنَا بِهَا بِشَفَاعَةٍ حَسَنَةٍ یَّکُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ

و سلام نازل فرما ہمارے شفیع پر کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں حسین شفاعت عطا کرے کہ انہیں اس کا عظیم اجر ملے

مِّنْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی صَالِحٍ صَلٰوۃً تُصْلِحُنَا بِهَا صَلَاحَ

ملے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما اس سراپا صلاح و تقوی پر کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں محبت شریفہ

الْمَحَبَّةِ الشَّرِیْفَةِ وَفَلَاحَ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ بِرِیَاحٍ رَوَاحٍ فَصَاحٍ

اہل بنادے اور بلند تر درجہ والی فلاح بطفیل ان روح پرور کشادگی بخش ہواؤں کے۔

وَالصُّلْحُ خَیْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُصْلِحٍ صَلٰوۃً تُصْلِحُ بِهَا

اور صلح سراسر خیر ہے" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مصلح پر جس صلواۃ کے طفیل اصلاح فرمائے

اَحْوَالَنَا بِهِدَایَةِ الْوِلَایَةِ وَبِرَشَادَةِ الْبُغَایَةِ مِنَ الْمُصْلِحِ اَللّٰهُمَّ

ہمارے احوال کی ساتھ ہدایت ولایت کے اور ساتھ طلب و آرزو کی درستگی کے اس مصلح سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُهَیْمِنٍ صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا بِهَا بِوُجُوْدِ شُهُوْدِكَ الْمُؤْمِنُ

صلواۃ و سلام نازل فرما نگہبان پر کہ محفوظ فرمائے ہمیں بطفیل اس کے اپنے وجود و شہود کے ساتھ" امن دینے والے

الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی صَادِقٍ

نگہبان۔ عزیز۔ جبار۔ صاحب کبریا،" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صادق پر

صَلٰوۃً تُصَدِّقُنَا بِهَا بِتَصْدِیْقِ الْقَالِ وَتَحْقِیْقِ الْحَالِ وَمَنْ اَصْدَقُ

کہ سچا کرے ہمیں بطفیل اس کے ساتھ تصدیق اقوال کے اور تحقیق حال کے" اور کون ہے زیادہ سچا

مِنَ اللّٰهِ قِیْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُصَدِّقٍ صَلٰوۃً تُصَدِّقُ

اللہ تعالیٰ سے از روئے قول کے"۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما تصدیق کرنے والے پر کہ اس صلواۃ کے

بِهَا رَجَاءَ بَقَائِنَا وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سچا کردے ہماری بقاء کی امید کو" اور کون ہے زیادہ سچا اللہ تعالیٰ سے از روئے بات کے"۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی صِدْقٍ صَلٰوۃً تُصَدِّقُنَا بِهَا اَصْدَقَ الْقَوْلِ فِی الذِّکْرِ

و سلام نازل فرما مجسمۂ صدق پر کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں سب سے زیادہ صدق عطا کرے قول میں

وَاَنْجَحَ الْحَوْلِ فِی الْفِکْرِ وَتَمَّتْ کَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا

اور کامیاب ترین قوت فکر کی" اور کامل ہوئے کلمات تیرے رب کے از روئے صدق و عدل کے"

اللّٰھم صل وسلم علی سید المرسلین صلوۃ تھدینا بھا الی

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سید المرسلین پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں ہدایت عطا کرے

صراط مستقیم صراط محبتک وعرفانک کما قلت لسیدنا

صراطِ مستقیم کی طرف جو کہ تیری محبت اور عرفان کی راہ راست ہے جیسے کہ تو نے فرمایا ہمارے سردار

رسولک انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم ؕ اللّٰھم

اور اپنے رسول کو " بے شک آپ البتہ برحق مرسلین میں سے ہو راہ راست پر ہو۔ اے اللہ

صل وسلم علی امام المتقین صلوۃ تعطینا بھا اماما کاملا

صلواۃ وسلام نازل فرما امام المتقین پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں کامل واکمل امام عطا

مکملا واتقنا بھا عن شرور انفسنا وفتن اموالنا واولادنا ربنا

کرے اور بچائے ہمیں ہمارے نفوس کے شرور سے اور اموال و اولاد کے فتنوں سے۔ اے رب ہمارے

ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما

بخش ہمیں ہماری بیویوں سے اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں متقین کا امام بنا دے

اللّٰھم صل وسلم علی قائد الغر المحجلین صلوۃ تشد بھا

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما نورانی اعضاء والوں کے قائد پر جس صلواۃ کے طفیل مضبوطی سے باندھ

زمائمنا علی صراط الاستقامۃ بمقائد الغر الرضیین صراط الذین

دے ہماری لگاموں کو راہ استقامت پر نورانی چہروں والے پرندگان کے مقامات سے "جو راہ ہے ان کی

انعمت علیھم اللّٰھم صل وسلم علی خلیل الرحمٰن صلوۃ

جن پر تو نے انعام فرمایا" اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما خلیل رحمٰن پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں

تؤدنا بھا بوداد رشاد ازدیاد خلوص خصوص خصائص

عطا فرمادے مودت اور راست روی۔ خلوص وافر اور خصائص رحمٰن والی خصوصیت

الرحمٰن واتخذ اللہ ابراھیم خلیلا ؕ اللّٰھم صل وسلم علی بر

(کا عکس) اور بنا لیا اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو خلیل۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما نکوکار پر

صلوۃ تبرر بھا اقوالنا واعمالنا واحوالنا کلا ان کتاب الابرار

کہ نیک بنا دے بطفیل اس صلواۃ کے ہمارے اقوال اور اعمال واحوال یقیناً بیشک ابرار کا نامۂ اعمال

لفی علیین ؕ اللّٰھم صل وسلم علی مبر صلوۃ تبر الابرار ان

البتہ علیین میں ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما بر و احسان والے پر جو ابرار کو بر و احسان والا

الابرار لفی نعیم اللّٰھم صل وسلم علی وجیہ صلوۃ توجہ

کردے بیشک ابرار البتہ نعیم میں ہیں" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما وجاہت والے پر جس صلواۃ کے طفیل

لنا بھا بجمال وجھک وجلال عظمتک وجیھا فی الدنیا و

آبرومند کرے ہمیں جمال ذات اور جلال عظمت کے ساتھ" وجاہت والے ہیں دنیا و آخرت میں

الاخرۃ ومن المقربین ؕ اللّٰھم صل وسلم علی نصیح صلوۃ

اور مقربین سے ہیں" اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما خالص نصیحت گر پر

تنصحنا بھا بناصح توحیدک وامحاض تمجیدک ولا

جس صلواۃ کے طفیل ہمیں خالص کردے اپنی خالص توحید اور کامل بزرگی کے لیے اور نہیں

شریک لک فی الھیتک کما قال اللہ تعالی وانصح لکم اللّٰھم

شریک تیرے لیے الوہیت میں جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے "اور میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں۔ اے اللہ

صل وسلم علی ناصح صلوۃ تنصحنا بھا باخلاص التفرید

صلواۃ وسلام نازل فرما ناصح پر جس صلواۃ کے طفیل خالص کردے ہمیں ساتھ اخلاص تفرید کے

بطول تعبدک لم نعلم ماھیتک اللہ قال وانا لکم ناصح امین ؕ

اپنی عبادت کی قوت سے۔ بے علم ہیں ہم تیری حقیقت سے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ میں تمہارے لیے قابل اعتماد ناصح ہوں

اللّٰھم صل وسلم علی وکیل صلوۃ توکلنا بھا الخیرات بوکالۃ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما کارساز پر کہ جس صلواۃ کے طفیل تو خیرات میں ہماری کارسازی فرمائے ساتھ وکالت

الحق وقالوا حسبنا اللہ ونعم الوکیل ؕ اللّٰھم صل وسلم علی متوکل

حق کے" اور کہا انہوں نے کافی ہے ہمیں اللہ تعالیٰ اور اچھا کارساز ہے وہ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل ہو متوکل پر

صَلٰوۃً تَتَوَکَّلُنَا بِهَا عَلٰی ذَاتِكَ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِنَا وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ
جس صلواۃ کے طفیل ہمیں متوکل بنا دے اپنی ذات پر ہمارے تمام امور میں" اور جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرے تو وہ
فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی کَفِیْلٍ صَلٰوۃً تُکَفِّلُ بِهَا لِقَضَاءِ حَوَآئِجِنَا
اسے کافی ہے۔" اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما کفیل پر کہ جس کے طفیل کفالت فرمائے ہماری تمام
کَفِیْلًا مُّکَفِّلًا مُّتَکَفِّلًا مُّکَمِّلًا وَّقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا ط اَللّٰهُمَّ
حاجات کے پورا کرنے میں کامل کفیل۔ مکمل متکفل حیثیت میں" اور تحقیق بنا لیا ہے تم نے اللہ کو اپنے اوپر کفیل" اے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی شَفِیْقٍ صَلٰوۃً تُشَفِّقُنَا بِهَا بِشَفَقَةِ حَمْدِ الْحَامِدِیْنَ
اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما شفیق پر جس صلواۃ کے طفیل ہم پر شفقت فرمائے ستائش کرنے والوں کی حمد والی
وَبِوَحْدَةِ تَوْحِیْدِ الْمُوَحِّدِیْنَ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ط اَللّٰهُمَّ
شفقت اور موحدین کی توحید والی وحدت کے ساتھ "بے شک تیرا رب وسیع مغفرت والا ہے۔" اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُقِیْمِ السُّنَّةِ صَلٰوۃً تُقِیْمُنَا بِهَا عَلَی السُّنَّةِ
صلواۃ و سلام نازل فرما سنت قائم کرنے والے پر ایسی صلواۃ کہ اس کے طفیل قائم فرمائے ہمیں سنت
وَالْجَمَاعَةِ بِاِقَامَةِ حُدُوْدِ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ
اور جماعت پر ساتھ قائم کرنے ان حدود کے "قائم کرو نماز کو سورج ڈھلنے کے وقت سے رات کی تاریکی
الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ
چھاتے تک اور نماز فجر کو۔ بے شک نماز فجر میں حاضری دی جاتی ہے" ملائکہ لیل و نہار کی طرف سے۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی مُقَدَّسٍ صَلٰوۃً تُقَدِّسُنَا بِهَا قَلْبَ الْجُزُوْعِ بِالتُّقٰی وَ
و سلام نازل فرما پاکیزہ نبی پر جس صلواۃ کے طفیل پاک فرمائے بےصبر دلوں کو ساتھ تقویٰ کے اور حریص نفوس
نَفْسَ الْهَلُوْعِ عَنِ الْهَوٰی بِتَقْدِیْسِ الْمُقَدَّسِ طُوًی هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ
کو خواہشات نفس سے مانند مقدس وادی طویٰ کی تقدیس کے " وہ اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر
اِلَّا هُوَ ط اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ
وہی۔ جو شہنشاہ۔ بہت پاکیزہ اور سلامتی والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما (نبوی) روح

الْقُدُسِ صَلٰوۃً تُقَدِّسُ بِهَا وُجُوْهَنَا کَرُوْحِ الْقُدُسِ الْمُقَدَّسِ
مقدس پر کہ پاک فرمائے اس صلواۃ کے طفیل ہمارے چہروں کو مانند روح قدس مقدس کے ساتھ
بِالتَّفَرُّدِ وَالتَّجَرُّدِ بِرَوَآئِجِ لَوَآئِحِ سَوَانِحِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط
یکتائی اور یکسوئی کے ساتھ ان پاکیزہ ہواؤں۔ تجلیوں اور کیفیات طاہرہ کے" اور تقویت دی ہم نے انہیں ساتھ روح القدس کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ الْحَقِّ صَلٰوۃً تُحَقِّقُ بِهَا وُثُوْقَنَا
اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما روح حق پر جس صلواۃ کے طفیل کہ ثابت فرمائے ہمارا اعتماد حقیقت
بِحَقِیْقَةِ حَقٍّ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًا
حق کے ساتھ۔ اور فرما دو آگیا حق اور دور ہو گیا باطل۔ بے شک باطل دور ہونے والا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ الْقِسْطِ صَلٰوۃً تُقَسِّطُ لَنَا بِهَا مَحَبَّةَ
اے اللہ صلواۃ وسلام ہو روح عدل پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں حصہ عطا فرمائے اہل عدل کی
الْمُقْسِطِیْنَ وَبِحُکْمِ فَاحْکُمْ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ط
محبت سے اور اس حکم سے "پس حکم کرو درمیان ان کے عدل کے ساتھ بے شک اللہ تعالیٰ عدل والوں کو پسند کرتا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی کَافٍ صَلٰوۃً تَکْفِیْنَا بِهَا کِفَایَةَ وَلَایَةٍ وَّوِدَادَةِ
اے اللہ درود و سلام ہو کفایت فرمانے والے پر کہ بطفیل اس کے کفایت فرمائے اس کفایت اور محبت و موت اور
نَصَادَةٍ کَفٰی بِاللّٰهِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰهِ نَصِیْرًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور نصرت کی" کافی ہے اللہ تعالیٰ از روئے محبت کے اور کافی ہے اللہ تعالیٰ از روئے مددگار ہونے کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام ہو مکتفی
مُکْتَفٍ صَلٰوۃً تَکْفِیْنَا بِهَا بِتَوَجُّهِ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِیَّةِ الْجَاذِبَةِ اِلٰی شُهُوْدِ
پر جس کے طفیل کفایت فرمائے ہمیں محبت ذاتیہ کی توجہ کے ساتھ جو کشش کرنے والی ہو تیری جلالیت کے شہود
مُطْلَقِ جَلَالِیَّتِكَ وَکَفٰی بِرَبِّكَ هَادِیًا وَّنَصِیْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
مطلق کی طرف" اور کافی ہے تیرا رب بطور ہادی اور مددگار کے۔ اے اللہ درود وسلام ہو
عَلٰی بَالِغٍ صَلٰوۃً تُبَلِّغُنَا بِهَا اِلٰی نَیْلِ بَقَآءٍ لَّا یَزَالُ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ
(غایت مراتب خلق تک) پہنچنے والے پر کہ پہنچائے بطفیل اس کے لازوال بقاء کے حصول تک۔ بیشک اللہ تعالیٰ پہنچنے والا

قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُبَلِّغٍ

اپنے امر تک تحقیق اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے لیے حد مقرر کردی ہے۔ اے اللہ درود و سلام ہو تبلیغ رسالت فرمانے والے

صَلٰوۃً تُبَلِّغُنَا بِھَآ اَقْصَی الْغَایَاتِ مَا لَا نِھَایَۃَ لَھَا وَھُوَ ھٰذَا اَبْلٰغٌ

پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں پہنچائے آخری حدوں تک جن کی انتہاء نہیں ہے اور یہی ہے تبلیغ واسطے

لِّلنَّاسِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی شَافٍ صَلٰوۃً تَشْفِیْنَا بِھَا عَنْ

انسانوں کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما شافی پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں شفا بخشے

اَسْقَامِ الْخَطِیَّاتِ الظَّاھِرَۃِ وَالْبَاطِنَۃِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ

ظاہرہ اور باطنہ خطاؤں والی بیماریوں سے" اور نازل کرتے ہیں ہم قرآن سے وہ جو

شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا اَللّٰھُمَّ

سراسر شفا اور رحمت ہے مومنین کے لیے اور نہیں زیادہ کرتا ظالموں کے لیے مگر خسران و نقصان۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی وَاصِلٍ صَلٰوۃً تُوَصِّلُنَا بِھَآ اِلَی الْمَحَبَّۃِ وَالْمَوَدَّۃِ مِنْ

درود و سلام ہو واصل ذات پر کہ جس کے طفیل ہمیں واصل فرمائے محبت و مودت تک یعنی

تَعْطِیْفِ تَالِیْفِ تَاصِیْفِ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ

اس عنائیت والفت اور ازالۂ شدت تک محبت رکھتے ہیں ان سے مانند محبت باری تعالیٰ کے اور ایمان والے زائد ہیں

حُبًّا لِّلّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَوْصُوْلٍ صَلٰوۃً تُوَصِّلُنَا بِھَا

محبت الٰہیہ میں۔ اے اللہ درود وسلام ہو شرف وصل سے شرف پر کہ جس صلواۃ کے صدقے میں وصل عطا کرے

بِحُصُوْلِ وُصُوْلِ قُبُوْلِ تَدْبِیْرِ تَیْسِیْرِ تَسْخِیْرِ تَسْیِیْرِ اَسْرَارِ اَنْوَارٍ

ہمیں ساتھ حصول و وصول اور قبول کے۔ تدبیر اور سہولت مہیا کر کے ساتھ تسخیر ان انوار کے اسرار کی سیر کے

یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَابِقٍ صَلٰوۃً تَسْبِقُنَا

اللہ تعالیٰ ان سے محبت رکھتا ہے اور وہ محبت رکھتے ہیں اس سے۔ اے اللہ درود و سلام ہو سبقت لیجانے والے پر جس صلواۃ کے

بِھَا فِیْ زُمْرَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ

طفیل سبقت دے ہمیں مقربین کی جماعت میں" اور سبقت والے ہی سبقت والے ہیں وہی مقرب ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَآئِقٍ تُسَیِّقُنَا بِھَآ اِلٰی لِقَآئِکَ فِیْ یَوْمٍ وَّسَاعَۃٍ

اے اللہ درود و سلام ہو چلانے والے پر کہ جس کی بدولت تو ہمیں چلائے اپنی ملاقات کی طرف بابرکت

وَّوَقْتٍ مُّبَارَکَۃٍ وَّجَآءَتْ کُلُّ نَفْسٍ مَّعَھَا سَآئِقٌ وَّشَھِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ

دن اور ساعت اور وقت میں" اور آئے گا ہر نفس جبکہ ساتھ اس کے ہوگا ہانکنے والا اور گواہ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی ھَادٍ صَلٰوۃً تَھْدِیْنَا بِھَآ اِلٰی سِدْرَۃِ الْمُنْتَھٰی

صلواۃ و سلام نازل فرما ہادی خلائق پر کہ جس صلواۃ کی بدولت ہدایت فرمائے ہمیں عارفوں کے

الْعَارِفِیْنَ وَمَرْکَزِ جَلَالِ نُوْرِ الْمُبِیْنِ فَمَنْ تَبِعَ ھُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ

سدرۃ المنتہیٰ تک اور نور مبین کے مرکز جلال تک" پس جس نے میری ہدایت کی اتباع کی تو ان پر خوف نہیں

وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُھْتَدٍ صَلٰوۃً تَھْدِیْنَا بِھَآ

ہے اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ اے اللہ درود وسلام ہو ہدایت یافتہ ذات اقدس پر کہ جس کی بدولت ہمیں ہدایت

اَسْرَارَ وُجُوْدِکَ الْاَعْلٰی مَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَھُوَ الْمُھْتَدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

دے اپنے وجود اعلیٰ کے اسرار کی" جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دے پس وہی ہدایت پانے والا ہے" اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُقَدَّمٍ صَلٰوۃً تُقَدِّمُنَا بِھَآ اِلٰی دَرَجَۃِ الْمَوْقِفِ فِیْ مَوَاقِفِ

و سلام ہو سب کے پیشوا پر جس صلواۃ کی بدولت آگے بھیجے ہمیں مقربین کے مواقف سے کسی موقف کے

الْمُقَرَّبِیْنَ وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا ط

درجہ تک۔ اور آئے ہم طرف ان کے اعمال کے پس کر دیا ہم نے انہیں سورج کی روشنی میں نظر آنے والے بکھرے ذرات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی عَزِیْزٍ صَلٰوۃً تُعِزُّنَا بِھَا بِعَزِیْزِ اِعْزَازٍ تَعَزُّزٍ

کی مانند۔ اے اللہ درود و سلام ہو عزیز نبی پر جس درود کے طفیل عزت بخشے ہمیں اپنے پیارے اعزاز اور عزت کے

عِزَّتِکَ وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی فَاضِلٍ

غلبہ کے ساتھ" اور اللہ عزیز ہے انتقام لینے والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما صاحب فضیلت نبی پر

صَلٰوۃً تُفَضِّلُنَا بِھَا بِفَضْلِکَ الْکَامِلِ وَلُطْفِکَ الْکَامِلِ وَوَصْلِکَ

جس صلواۃ کی بدولت ہمیں فضیلت بخشے اپنے فضل کامل اور لطف کامل اور وصل دائم کے ساتھ

الحاصل ذلك فضل الله يؤتيه من يشآء والله ذو الفضل

وہ اللہ کا فضل ہے عطا کرتا ہے جس کو چاہے اور اللہ فضل عظیم کا مالک

العظيم ؕ اللهم صل وسلم على مفضل صلوة تفضلنا بها

ہے ،، اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مفضّل نبی پر جس صلواۃ کے طفیل فضیلت بخشے

بتواتر متصل مفضل فضل الذين يبتغون فضلا من الله

ہمیں ساتھ متواتر و مسلسل اور مزید فضل کے " جو طلب کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل

ورضوانا ؕ اللهم صل وسلم على فاتح صلوة تفتح لنا بها

اور رضا مندی کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو نقطۂ آغاز نبوت پر جس صلواۃ کے طفیل منکشف کر دے ہم پر

مفاتيح الغيب لخزائن السر المكنون في مكنون السر من سر

غیب کی چابیاں مخفی رازوں والے خزائن کی جو سر مکنون ہیں تیرے

سرك في جنان المعارف وبفتح انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر

سر الاسرار میں سے معارف کے سینوں میں اور بطفیل اس فتح کے " بیشک ہم نے فتح دی ہے آپ کیلئے فتح مبین

لك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر ويتم نعمته عليك

تاکہ بخشے آپ کے طفیل اللہ تعالیٰ جو پہلے گزرے آپ (کی امت) کے ذنوب سے اور جو بعد میں ہوں گے اور کامل کرے اپنی نعمت تم

ويهديك صراطا مستقيما ؕ اللهم صل وسلم على مفتاح

پر اور تمہیں گامزن کرے صراط مستقیم پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما ہر خیر کی مفتاح پر

صلوة تفتح لنا بها بهجة مسرة ميسرة مفرحة مفتحة وهو الفتاح

جس صلواۃ کے طفیل کھولے ہمارے لیے بہجت اس مسرت میسرہ کی جو موجب فرحت اور کشائش ہے " وہی ہے کھولنے والا اسرار کا

العليم اللهم صل وسلم على مفتاح الرحمة صلوة تفتح لنا بها ابواب

جاننے والا حقائق کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو مفتاح رحمت پر جس درود کے طفیل کھولے ہمارے لیے دروازے

اسرار الغيب بلطائف عواطف وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها

اسرار غیب کے ان عنایت کے لطائف کے ساتھ " اور اسی کے پاس ہیں خزانے غیب کے نہیں جانتا انہیں بتقاضائے ذات

الا هو ؕ اللهم صل وسلم على مفتاح الجنة صلوة تفتح لنا بها

مگر وہی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مفتاح جنت پر جس صلواۃ کے طفیل کھولے ہمارے لیے خزینے

مفاتيح كنوز حقائق الاشياء كما هي بفتوح فتحنا عليهم ابواب

حقائق اشیاء کے خزانوں کے جیسے کہ وہ فی الواقع ہیں ساتھ اس کشائش کے " کھول دئے، ہم نے ان پر دروازے

كل شيء اللهم صل وسلم على علم الايمان صلوة تعلمنا بها

ہر شئ کے "۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما ایمان کے پرچم پر جس صلواۃ کے طفیل ممتاز کرے ہمیں (ان)

بعلامات الايمان والاسلام ليزدادوا ايمانا مع ايمانهم ؕ

علامات ایمان و اسلام کے ساتھ " تاکہ زائد ہو جائیں ازروئے ایمان کے ساتھ ایمان کے "

اللهم صل وسلم على علم اليقين صلوة تيقننا بها بعلامات

اے اللہ صلواۃ و سلام ہو یقین کے پرچم پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عطا کرے یقین علماء کے

علم اليقين العلمآء وعين يقين الخلفاء وحق يقين الانبيآء

علم الیقین اور خلفاء کے عین الیقین اور انبیاء کرام کے حق الیقین کی علامات کے ساتھ

وبعلم كلا لو تعلمون علم اليقين ؕ اللهم صل وسلم على

اور ساتھ اس علم کے " ہرگز نہیں اگر جانو تم علم الیقین کے طور پر "۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما خیرات

دليل الخيرات صلوة تدللنا بها بدلائل الخيرات وشوارق

کے رہبر و رہنما پر جس صلواۃ کے طفیل ہماری رہنمائی فرمائے ساتھ دلائل خیرات اور روشن انوار کے اور

الانوار وتخيرنا بها بخير خيار الاخيار الابرار فاستبقوا الخيرات ؕ

فضیلت دے ہمیں اپنے اخیار و ابرار والی خیر و بھلائی کے ساتھ " پس سبقت لے جاؤ خیرات کی طرف

اللهم صل وسلم على مصحح الحسنات صلوة تصحح لنا بها

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما امور حسنہ کی درستگی فرمانے والے پر جس صلواۃ کے طفیل درست فرمائے ہمارے لیے

بصحاح فصاح فراح صراح قراح معادن ذخائر سرائر

درستگی، کشادگی۔ فرحت خالصہ صریحہ کے ساتھ (ان) اسرار کے ذخائر کی کانوں کو

إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

بیشک نیکیاں لے جاتی ہیں برائیوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُقِيْلِ الْعَثَرَاتِ صَلٰوةً تُقِيْلُ بِهَا عَثَرَاتِنَا كُلَّهَا اِنَّ اللّٰهَ

لغزشات سے درگزر فرمانے والے پر جس صلوٰۃ کی بدولت ہماری تمام لغزشوں سے درگزر فرمائے۔ بیشک اللہ

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَفُوْحٍ

بخشتا ہے تمامتر ذنوب کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما لغزشات سے اعراض فرمانے

عَنِ الزَّلَّاتِ صَلٰوةً تَصْفِحُ بِهَا عَنْ زَلَلِنَا الْغَيْرِيَّةِ بِفَضْلِ

والے پر جس صلوٰۃ کے طفیل اعراض فرمائے ہماری غیریت والی لغزش سے ساتھ اس فضل کے

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

(پھر بدل دی ہم نے برائی کی جگہ نیکی یہاں تک انھوں نے درگزر کی)۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ صَلٰوةً تَشْفَعُ بِهَا فِيْنَا عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ

سلام ہو صاحب شفاعت پر جس صلوٰۃ کے طفیل شفاعت کرے ہمارے حق میں اللہ کے ہاں

ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

کون ہے جو شفاعت کرے اس کے ہاں مگر ساتھ اس کی اجازت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحب مقام

الْمَقَامِ صَلٰوةً تُعْطِيْ لَنَا بِهَا دَرَجَةَ الْخَآئِفِيْنَ فِيْ مَقَامِ الْعُلٰى وَاَمَّا

محمود پر جس صلوٰۃ کے طفیل عطا کرے ہمیں ارباب خوف کا درجہ مقام اعلیٰ میں " اور لیکن

مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ

جو خوفزدہ ہو گیا اپنے رب کے حضور قیام سے اور روکا اپنے نفس کو خواہشات سے تو یقیناً جنت ہی اس کا

الْمَاْوٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْقَدَمِ صَلٰوةً تُثَبِّتُ

ٹھکانا ہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحب قدم ثابت پر جس صلوٰۃ کے طفیل ثابت رکھے

بِهَآ اَقْدَامَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَامْتِثَالِ اَوَامِرِكَ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

ہمارے قدموں کو اپنی اطاعت پر اور احکام کی تعمیل پر۔ ثابت قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو

اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَخْصُوْصٍ بِالْعِزِّ

ساتھ پائیدار قول کے "۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام فرما عزت و اعزاز کے ساتھ مخصوص نبی

صَلٰوةً تُعِزُّنَا بِهَا بِاِعْزَازِ الْقُرْبِ وَالرِّفْعَةِ الرَّفِيْعَةِ وَبِاِعْزَازِ

پر جس صلوٰۃ کے طفیل اعزاز بخشے ہمیں قرب اور رفعت رفیعہ کے ساتھ اور ساتھ اعزاز قرب

الْقُرْبِ وَالذِّلَّةِ وَالذَّلِيْعَةِ بِاَنَّكَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ

اور تواضع و انکساری کے بسبب اس کے "کہ تو عزت دیتا ہے جسے چاہے اور نگونسار کرتا ہے جسے چاہے

بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

تیرے ہی ہاتھ میں ہے خیر بیشک تو ہر چیز پر کامل دسترس والا ہے۔ اے اللہ درود و سلام ہو مجد کے ساتھ

مَخْصُوْصٍ بِالْمَجْدِ صَلٰوةً تُمَجِّدُنَا بِهَا وَبِتَمْجِيْدِ تَعْظِيْمِ عَظْمَةِ كِبْرِيَآئِهٖ

مخصوص ذات اقدس پر جس صلوٰۃ کی بدولت ہمیں بزرگی بخشے اور بطفیل تمجید و تعظیم اور عظمت کبریائی کے

تَعَالٰى اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَخْصُوْصٍ بِالشَّرَفِ

بیشک وہی لائق حمد و ثنا، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما شرف سے مخصوص ذات پر جس صلوٰۃ کے

صَلٰوةً تُشَرِّفُنَا بِهَا بِشَرَافَةِ الْاِلْهَامَاتِ الْقُدْسِيَّاتِ وَالْمُلْهَمَاتِ الْمُقَدَّسَةِ

طفیل ہمیں مشرف فرمائے الہامات قدسیہ اور ملہمات مقدسہ کے شرف کے ساتھ

فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ

پس وحی کی طرف اپنے عبد خاص کے جو وحی کی"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما صاحب

الْوَسِيْلَةِ صَلٰوةً تُوَصِّلُنَا بِهَآ اِلٰى مَعَارِفِ الرَّبَّانِيِّ وَسِرِّ الْبِرِّيِّ

الوسیلہ پر کہ جس کی بدولت واصل فرمائے ہمیں معارف ربانیہ اور اسرار احسانیہ تک

بِوَسِيْلَةٍ وَكِيْلَةٍ وَابْتَغُوْا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اس وسیلہ و وکالت کے " اور طلب کرو طرف اس کے وسیلہ "۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى صَاحِبِ السَّيْفِ صَلٰوةً تُقَلِّدُنَا بِهَا بِسَيْفِ الْهَيْبَةِ وَالشِّدَّةِ

صاحب سیف پر جس صلوٰۃ کے طفیل حمائل کرے ہمارے گلے میں ہیبت و شدت اور قوت کی

وَالْقُوَّةِ وَالْمَنَعَةِ مِنْ بَأْسِ الْجَبَرُوْتِ بِنُصْرَةٍ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ
اور جبروت کی شدت سے بچاؤ کی "تلوار ساتھ اس نصرت کے" اور نہیں مدد مگر صرف
عِنْدِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْفَضِيْلَةِ صَلٰوةً
اللہ تعالیٰ کے پاس سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل ہو صاحب فضیلت پر جس صلواۃ کے طفیل
تُفَضِّلُنَا بِهَا بِمَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْكَ بِفَضْلٍ فَضِيْلَةٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ
فضیلت بخشے ہمیں اپنی بارگاہ کے قریب کرنے والے امور کے ساتھ بوسیلہ اس فضل وفضیلت کے۔ وہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے
مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
ہے عطا کرتا جس کو چاہے اور اللہ فضل عظیم والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
صَاحِبِ الْاِزَارِ صَلٰوةً تُؤَزِّرُنَا بِهَا اِزَارَ الْفَقْرِ اَلْفَقْرُ فَخْرِيْ وَالْفَقْرُ
تہمد والے نبی پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں اوڑھائے فقر کی (بہ) چادر" فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ
مِنِّيْ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ
سے ہے اور لباس تقویٰ ہی بہتر ہے" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما حجت و برہان والے
الْحُجَّةِ صَلٰوةً تُبَلِّجُ بِهَا حُجَّتَنَا وَتُفَلِّجُ بِهَا صُدُوْرَنَا وَتُفَرِّجُ بِهَا مَأْمُوْلَنَا
نبی پر جس صلواۃ کے طفیل ہماری دلیل کو روشن بنائے اور ہمارے سینے کشادہ فرمائے اور ہماری آرزوؤں میں کشائش پیدا
لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ
کرے تاکہ نہ ہو واسطے لوگوں کے تمہارے اوپر حجت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب تسلط نبی پر
السُّلْطَانِ صَلٰوةً تُبَيِّنُ بِهَا بُرْهَانَنَا وَتُشَيِّدُ بِهَا بُنْيَانَنَا وَتُيَقِّنُنَا
جس صلواۃ کے طفیل ہماری برہان کو واضح کرے اور ہماری بنیاد کو مستحکم فرمائے اور کامل و راسخ فرمائے
بِهَا اِيْقَانَنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ
ساتھ اس کے ہمارے یقین کو ساتھ واضح غلبہ و تصرف کے۔ اے اللہ درود و سلام ہو چادر اوڑھنے والے نبی پر
الرِّدَآءِ صَلٰوةً تُسِيْلُ عَلَيْنَا بِهَا كُنُفَ سِتْرِ حِجَابِ نَظَافَةٍ مَلَاحَةٍ وَ
جس درود کے طفیل لٹکائے ہم پر جوانب و اطراف (اس) نظافت و ملاحت والے ستر و حجاب کے

ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ
اور اپنے کپڑے پس پاک رکھو" اے اللہ درود و سلام ہو بلند تر درجہ والے نبی پر
صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا مِنْ حَضِيْضِ التَّدَنُّسِ اِلَى الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ
جس درود کے طفیل بلند فرمائے ہمیں آلودگی کی پستیوں سے طرف (اس) بلند و بالا درجہ کے
الْعُلٰى اَلَّذِيْنَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
"وہ لوگ کہ جن کے لیے ہیں بلند تر درجات" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
صَاحِبِ التَّاجِ صَلٰوةً تُتَوِّجُنَا بِهَا بِتَاجِ مَهَابَةِ كِبْرِيَآءِ جَلَالِ
صاحب تاج پر جس صلواۃ کے طفیل پہنائے ہمیں تاج (اس) مہابت و کبریائی جلال و شہنشاہی
مَلَكُوْتِ عِزِّ عَظَمَةِ اللّٰهِ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور عزت و عظمت الٰہیہ کا "بیشک عزت و غلبہ تمامتر اللہ ہی کے لیے ہے" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
عَلٰى صَاحِبِ الْمِغْفَرِ صَلٰوةً تُلْبِسُنَا بِهَا خِلْعَةَ اِكْلَالِ اِقْبَالِ اِجْمَالِ
خود والے نبی پر کہ پہنائے ہمیں اس صلواۃ کے طفیل خلعت تاج پوشی۔ اقبال مندی جمال و جلال سے
اِجْلَالٍ وَصِلْ جَنَّتَكَ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
انصاف اور جنت تک رسائی کی" اور لباس ان کا جنت میں ریشم ہے" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
عَلٰى صَاحِبِ اللِّوَآءِ صَلٰوةً تَحْشُرُنَا بِهَا اَفْضَلَ الْفُضَلَآءِ مَعَ الْعَطَآءِ
لواء (حمد) والے نبی پر جس صلواۃ کے طفیل ہمارا حشر فرمائے افضل ترین احوال میں بمع قابل ستائش عطا کے
الْاَحْمَدِ تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
نیچے لواء الحمد کے" اسی کے لیے ہے ملک اور اسی کے لیے ہے حمد" اے اللہ صلواۃ و
وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْمِعْرَاجِ صَلٰوةً تُسَيِّرُنَا بِهَا بِسَيْرِ سِرِّ اَسْرَارِ
سلام نازل فرما صاحب معراج پر جس صلواۃ کے طفیل سیر کرائے ہمیں (ان) سرائر و اسرار کے
سَرَائِرِ سَرَآئِرِ سُبْحَانَ الَّذِيْ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
کے سر اور سرار کی" پاک ہے وہ ذات اقدس جس نے سیر کرائی اپنے عبد خاص کو رات کے وقت مسجد حرام سے

اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْقَضِيْبِ

مسجد اقصیٰ تک "۔ اے اللہ صلوٰاۃ و سلام نازل فرما صاحب عصا نبی پر ایسی

صَلٰوةً تَقْطَعُ بِهَا عَنَّا حُجُبَ اَكْبَارِ الْاَنَانِيَّةِ وَعُجُبَ اَكْدَارِ الْغَيْرِيَّةِ

صلواۃ کہ قطع کرے بطفیل اس کے ہم سے حجابات تکبر و انانیت اور فخر و ناز غیریت کے میل کچیل کا

بِقَضْبِ الْعَيْنِيَّةِ اَلَا اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ عینیت کے عصا کے "آگاہ رہو بیشک اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب ہے"۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْبُرَاقِ صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا اِلٰى طُرُقِ

و سلام نازل فرما صاحب براق پر جس صلواۃ کے طفیل بلند فرمائے ہمیں اپنی بارگاہ

بُحْبُوْحَةِ حَضْرَةِ اَحَدِيَّتِكَ كَبَرْقِ الْبُرُوْقِ الْبُرَاقِ فَفِرُّوْا اِلَى

احدیت کے وسطی راہوں کی طرف مانند براق کی روشن بجلی کے۔ پس بھاگو طرف

اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَاحِبِ الْخَاتَمِ صَلٰوةً تَخْتِمُ

اللہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما صاحب خاتم پر جس صلواۃ کے طفیل پر لگائے

